ریاضی میلہ

تیسری جماعت کے لیے
ریاضی کی درسی کتاب

4333

حصّہ اوّل – 1

PART- 1

विद्यया ऽमृतमश्नुते

एन सी ई आर टी
NCERT

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ

NATIONAL COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru-560 003

پہلا ایڈیشن

جون 2024 جیشٹھ 1946

PD 10T

© **نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، 2024**

قیمت: ₹ 65.00

این سی ای آر ٹی واٹرمارک 80 جی ایس ایم کاغذ پر شائع شدہ

سکریٹری، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، شری اروندمارگ نئی دہلی نے تاج پرنٹرس، 6A/69، نجف گڑھ روڈ انڈسٹریل ایریا، نزد کیرتی نگر میٹرو اسٹیشن، نئی دہلی 11 0015 میں چھپوا کر پبلی کیشن ڈویژن سے شائع کیا۔

جملہ حقوق محفوظ

- ناشر کی پہلے سے اجازت کے بغیر اس کتاب کے کسی بھی حصے کو دوبارہ پیش کرنا، یادداشت کے ذریعے یا بازیافت کے سسٹم میں اس کو محفوظ کرنا یا برقیاتی، میکانکی، فوٹو کاپینگ، ریکارڈنگ کے کسی بھی وسیلے سے اس کی ترسیل کرنا منع ہے۔
- اس کتاب کو اس شرط کے ساتھ فروخت کیا جارہا ہے کہ اسے ناشر کی اجازت کے بغیر، اس شکل کے علاوہ جس میں کہ یہ چھاپی گئی ہے یعنی اس کی موجودہ جلد بندی اور سرورق میں تبدیلی کرکے، تجارت کے طور پر نہ تو مستعار دیا جاسکتا ہے، نہ دوبارہ فروخت کیا جاسکتا ہے، نہ کرایہ پر دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی تلف کیا جاسکتا ہے۔
- کتاب کے صفحہ پر جو قیمت درج ہے وہ اس کتاب کی صحیح قیمت ہے۔ کوئی بھی نظر ثانی شدہ قیمت چاہے وہ ربر کی محر کے ذریعے یا اسٹیکر یا کسی اور ذریعہ ظاہر کی جائے تو وہ غلط متصور ہوگی اور ناقابل قبول ہوگی۔

این سی ای آر ٹی کے پبلی کیشن ڈویژن کے دفاتر

این سی ای آر ٹی کیمپس
سری اروندو مارگ
نئی دہلی۔ 110016 **فون:** 011-26562708

108.100 فٹ روڈ ہوسڈے کیرے ہیلی
ایکسٹینشن بناشنکری III اسٹیج
بینگلورو۔ 560085 **فون:** 080-26725740

نوجیون ٹرسٹ بھون
ڈاک گھر، نوجیون
احمد آباد۔ 380014 **فون:** 079-27541446

سی ڈبلیو سی کیمپس
بمقابل ڈھانکل بس اسٹاپ، پانی ہاٹی
کولکاتا۔ 700114 **فون:** 033-25530454

سی ڈبلیو سی کامپلیکس
مالی گاؤں
گواہاٹی۔ 781021 **فون:** 0361-2674869

اشاعتی ٹیم

ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن : انوپ کمار راجپوت

چیف ایڈیٹر : شویتا اپّل

چیف پروڈکشن آفیسر : ارون چنکارا

چیف بزنس منیجر : ایتا بھ کمار

پروڈکشن آفیسر : جہان لال

سرورق، لے آؤٹ اور تصاویر

ایم آر ٹس اور گرین ٹی ڈیزائننگ اسٹوڈیو
پرائیویٹ لمیٹڈ، دہلی

پیش لفظ

جیسا کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں مفروضہ قائم کیا گیا ہے ، اسکولی تعلیم میں اساسی مرحلہ بچوں کے کلی ارتقا میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ اُنھیں ہمارے ملک کی فضا اور آئینی لائحۂ عمل نہ صرف بیش قیمت ، قدروں اور سنسکاروں کو جذب کرنے بلکہ بنیادی خواندگی اور اعداد شماری کی صلاحیت کے حصول میں بھی ان کی مدد کرتا ہے۔ یہ اساس اُنھیں مزید ہمت آزما ابتدائی مرحلے کے لیے تیار کرتی ہے۔

ابتدائی مرحلہ جو گریڈ 3 سے گریڈ 5 کو محیط ہے، اساسی اور مڈل مرحلوں کے درمیان پُل کا کام کرتا ہے۔ یہ اس مرحلے کے دوران فراہم کی گئی تعلیم اساسی مرحلے کے تدریسیاتی طریقوں میں بہتری لاتی ہے۔ کھیل کے طریقے اور دریافت کے ہمراہ سرگرمی پر مبنی آموزشی طریقوں کو جاری رکھتے ہوئے بچوں کو درسی کتابوں اور رسمی کلاس روم کے ماحول سے بھی متعارف کرایا جاتا ہے۔ اس تعارف کا مقصد اُن پر بوجھ ڈالنا نہیں بلکہ پڑھنے، لکھنے، بولنے، ڈرائنگ کرنے، گانے اور کھیلنے کے ذریعے کلی آموزش اور خود آزمائی کو فروغ دے کر درسیاتی گوشوں کے درمیان ایک بنیاد قائم کرنا ہے۔ یہ جامع طریقۂ کار جسمانی تعلیم، آرٹ کی تعلیم، ماحولیاتی تعلیم، زبانوں، ریاضی، بنیادی سائنس اور سماجی علم کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ جامع طریقۂ کار اس کی ضمانت دیتا ہے کہ بچے آسانی سے مڈل مرحلے میں منتقل ہونے کے لیے وقوفی، حسی اور جسمانی، جذباتی دونوں سطحوں پر پوری طرح آمادہ ہیں۔

درسی کتاب ریاضی میلہ برائے گریڈ 3 ان مقاصد سے ہم آہنگی کے پیش نظر پوری مہارت اور یکسوئی سے تیار کی گئی ہے۔ اس میں قومی تعلیمی پالیسی 2020 اور قومی درسیات کا خاکہ برائے اسکولی تعلیم 2023 کی سفارشات کی پابندی کی گئی ہے۔ یہ درسی کتاب تصوراتی فہم، تنقیدی سوچ، تخلیقیت اور اس ارتقائی مرحلے کے لیے درکار لازمی اقدار اور رجحانات پر زور دیتی ہے۔ اس میں موزوں آئی سی ٹی اور اسکول پر مبنی جائزوں کے امتزاج سے باہم مربوط موضوعات شامل کیے گئے ہیں مثلاً شمولیت، کثیر لسانیت، صنفی مساوات اور تہذیبی پیوستگی، بچوں کو راغب کرنے ، ہمسرانہ گروپ آموزش کی حوصلہ افزائی کے لیے متوجہ کرنے والے مشمولات اور سرگرمیاں وضع کی گئی ہیں جو طلبا اور اساتذہ دونوں کے تعلیمی تجربے کو ثروت مند بناتی ہیں۔

اس درسی کتاب کے تدریسیاتی ارتکاز کو یاد رکھنا بہت ضروری ہے اور وہ ہیں تاکید کرنا، سمجھنا، تنقیدی سوچ، استدلال اور فیصلہ سازی۔ اس مرحلے پر طلبا کے سوالوں کے جواب فراہم کرکے اور بنیادی آموزشی اصولوں پر مبنی سرگرمیاں وضع کرکے طلبا کے تجسس کو پروان چڑھایا جانا چاہیے۔ کھیل کے طریقے کو جاری رکھتے ہوئے آموزش میں استعمال کیے جانے والے کھلونوں کی نوعیت توجہ میں اضافے کے ایک ذریعے کی ہو جاتی ہے نہ کہ دلچسپی کی۔

اس درسی کتاب کے بیش قیمت ہونے کے ساتھ بچوں کو بھی اس موضوع پر اضافی وسائل کی تلاش کرنی چاہیے۔ اسکول کی لائبریریوں سے اس توسیع شدہ آموزش میں سہولت ملنی چاہیے اور اساتذہ اور والدین کو اس کوشش میں تعاون دینا چاہیے۔

مؤثر آموزشی ماحول بچوں کو مصروف رکھ کر اور اُن میں تجسّس پیدا کرکے جو آموزش کے لیے حد درجہ ضروری ہیں، طلبا کو تحریک دیتا ہے۔ میں اعتماد کے ساتھ ابتدائی مرحلے کے تمام طلبا اور اساتذہ کے لیے اس درسی کتاب کی سفارش کرتا ہوں۔ میں اس کی تیاری میں شریک تمام افراد کا شکر گزار ہوں اور امید کرتا ہوں کہ یہ توقعات پر پوری اُترے گی۔ این سی ای آر ٹی منظّم اصلاح اور اشاعتی معیار کی بہتری کے تئیں پُر عزم ہے۔ درسی کتاب کے مشمولات کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہم جوابی تاثر کا خیر مقدم کریں گے۔

نئی دہلی
13 مارچ 2024

پروفیسر دنیش پرساد سکلانی
ڈائریکٹر
نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل
ریسرچ اینڈ ٹریننگ

اس کتاب کے بارے میں

تیسری جماعت کی ریاضی کی یہ کتاب 'ریاضی میلہ' قومی تعلیمی پالیسی 2020 (NEP-2020) اور قومی درسیات کا خاکہ برائے ابتدائی سطح 2023 (NCF SE-2023) کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ ان کا مقصد اس بات کی توضیح کرنا ہے کہ طلبا بنیادی عددی مہارتیں اور صلاحیتیں حاصل کریں جس سے ان کی سوچ ریاضیاتی اور منطقی ہو، مسائل حل کریں، وجوہات اور مقداروں کے متعلق تفہیم کی تشکیل ہو اور وہ اپنے اندر مختلف احساسات جیسے خوشی، حیرانی اور تجسّس پیدا کریں۔ ابتدائی مرحلے کی خاص توجّہ، اعداد، اشکال، مقامی رشتہ، پیمائش اور اعداد و شمار کا استعمال، باضابطہ مہارتیں، روانی اور ریاضیاتی سوچ جیسے مفہوم کی نشوونما پر مرکوز ہے۔

اس کی روشنی میں، تیسری جماعت کی کتاب کی تشکیل اس طرح سے کی گئی ہے کہ یہ بنیادی مرحلے پر آموزگاروں کی آموزش کو یکجا کرنے اور تجریدی سوچ اور تصوّرات کو فروغ دینے میں مفید ثابت ہو۔ اس کتاب کے مضامین ریاضی کے بنیادی تصورات: مکمل اعداد اور آپریشنس کسر کے تعارف، اشکال اور مقامی رشتہ، پیمائش (لمبائی، وزن، وسعت، وقت)، اور اعداد و شمار کے استعمال کے تعارف پر مشتمل ہیں۔ حالاں کہ ہر مضمون کا ایک خاص موضوع (Theme) ہے (ابتدائی تصوّر کی تشکیل کرنا اور نئے تصورات سے اسے جوڑنا) مگر یہ موضوعات پوری کتاب میں بار بار دہرائے جائیں گے۔

ہمارا یقین ہے کہ نو عمر آموزگاروں میں مختلف طریقوں سے استدلال، تصورات اور مسئلے حل کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ اس لیے یہ کتاب کافی مواقع فراہم کرتی ہے جس سے تصورات، تصورات کے درمیان روابط، مثالیں اور متقابل مثالیں دینا، ریاضیاتی تصورات کے استعمال سے اشیا کی تشکیل کرنا، پیمائش اور مقدار کا تعین، اندازہ لگانا اور مسئلے حل کرنا جیسی صلاحیتوں کو نوٹ کیا جائے۔ اعداد کی مہارت کو مزید فروغ دینے کے لیے خالص مشقیں، کھیل اور پہیلیاں بھی فراہم کی گئی ہیں۔ اس کے لیے اسباق میں کچھ جگہ پر 'آؤ کھیلیں' جیسی سرگرمی وضع کی گئی ہے۔ کھیلوں اور پہیلیوں کے استعمال کا مقصد ہے کہ طلبا کو پُر لطف آموزش کا موقع دیا جاسکے۔ ان میں سے زیادہ تر تشخیص کا حصّہ نہیں ہوتی۔ ان میں سے کچھ کا مقصد ہے ریاضیاتی سوچ کو ترجیح دینا جہاں آموزگاروں سے امید کی جاتی ہے کہ وہ پیٹرن کا مشاہدہ اور وضاحت کریں اور مختلف صورت حال میں بھی جواب تک رسائی کی صلاحیت کا مظاہرہ کریں۔

ہمارا یقین یہ بھی ہے کہ آموز گاروں کو ریاضی کے تئیں ذوق پیدا کرنا چاہیے نہ کہ اس سے ڈرنا چاہیے۔ اس کتاب کے اسباق، لطف اندوز سرگرمیوں، کھیل اور پہیلیوں پر بھی مبنی ہیں جو طلبا کے وجدان اور اس سے بڑھ کر ان کی زندگی کے تجربے پر منحصر ہیں۔ اس طرح 'آؤ کریں' کی سرگرمیاں دی گئی ہیں جو مختلف اسباق میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ یہ کبھی کبھی مضمون (فہم) کے تعارفی مرحلے میں یا تصورات کو یکجا کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بنائی گئی ہیں۔ اسباق کے بیانیہ میں شوخ تصاویر دی گئی ہیں جو ان سرگرمیوں سے مطابقت رکھتی ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ آموز گاروں کی تصاویر کو سمجھنے اور انھیں ضروری ریاضیاتی تصورات کی نشو و نما میں یہ مدد کریں گی۔

حالاں کہ ریاضی لسانیات اور مختلف قسم کے بات چیت کے طریقوں کو اسباق میں مثالوں کے ذریعے شامل کیا گیا ہے مگر لسانی ہدایات اور وضاحت کو کم سے کم رکھا گیا ہے تاکہ آموز گار اسے پڑھ سکیں اور مفہوم سمجھ سکیں۔

ریاضی علم کا مجموعی ڈھانچہ ہے جس میں باربط اور مسلسل تصورات بھی شامل ہیں۔ یہ عام مفروضات پر انطباق سے بنتا ہے۔ ریاضیاتی سوچ اور استدلال، ریاضی کی آموزش کا اہم حصہ ہیں۔ یہ کتاب طلبا میں رٹ کر اصولوں کو یاد کرنے سے دور رکھنے کی ایک کوشش ہے تاکہ طلبا کے اندر کا تجسس ختم نہ ہو اور ان پر کسی طرح کا بوجھ نہ ہو۔ بلکہ یہ طلبا کو اہم ریاضیاتی تصورات کو دریافت کرنے کی جانب متوجہ کرنا ہے۔ اسباق کے مختلف حصّے آیئے معلوم کریں'، 'آیئے سوچیں' اور 'آیئے گفتگو کریں' کا مقصد ہے کہ وہ طلبا کے تجسس کو برقرار رکھیں اور ان کی سوچ کو استدلالی بنائیں۔ یہ ان میں استدلال پیدا کرے گا جس سے انھیں اپنے تصورات کو آسانی اور تنقیدی طریقے سے نافذ کر کے اپنی آموزش کو مزید آسان بنانے میں سہولت حاصل ہوگی۔ یہ بہت ضروری ہے کہ طلبا کو ریاضی کی ان عملیات میں مشغول کریں تاکہ وہ اعتماد کے ساتھ، بغیر ڈرے، ریاضی کے عام مسئلوں کے پرے جا سکیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ جو سرگرمیاں بہت عرق ریزی سے وضع کی گئی ہیں ان سے وہ تصورات کا مفہوم نکال سکیں گے، مسئلوں کو حل کرنے کی صلاحیت پیدا کر سکیں گے، عمل کے دوران لطف اور حیرت کا تجربہ کریں گے اور ریاضی کی دنیا کے متعلق تجسّس کا مظاہرہ کریں گے۔

ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ دیے گئے مسئلوں کو حل کرنے اور اپنے جوابات کا اشتراک کرنے اور ظاہر کرنے کا جو وقت طلبا کو دیا گیا ہے، اس میں NEP-2020 اور NCF SE-2023 کے مقاصد کو حاصل کرنا مشکل ہوگا۔ یہ کتاب مخصوص سرگرمیوں اور تجربات کے لیے صلاح بھی پیش کرتی ہے جس سے بچوں میں ریاضیاتی تصورات کی نشو و نما ہو۔ اساتذہ اور والدین کی خصوصی مدد سے آموزش کی

موجودہ صورتِ حال کو طلبا کے لیے تبدیل کیا جاسکتا ہے تاکہ وہ بہتر خواب دیکھ سکیں اور پُر اعتماد قوم کی تشکیل ممکن ہو سکے۔

یہ کتاب آسان اور کم خرچ میں تیار شدہ اشیا بنانے کی طرف بھی رہنمائی کرتی ہے جس کے ساتھ طلبا سرگرمی انجام دیں اور اپنی سوچ کا مظاہرہ کریں۔ اسباق میں دی گئی سرگرمیوں کے لیے کتاب کے آخر میں سوراخ والی شیٹس دی گئی ہیں۔ اساتذہ کے لیے دیے گئے نوٹ میں سرگرمیوں اور مواد کے لیے مشورے بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ اس کتاب کے اسباق اشیا کے استعمال سے تصاویر اور اس سے سلسلے وار خاکے بنا کر مختلف حکمتِ عملی سے حالات کا مفہوم نکالنے میں تسلسل کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ یہ کتاب تصاویر اور اشیا کا استعمال کر کے تصورات کے ماڈل بنانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ آموز گار اپنے خیالات کا آزادانہ استعمال کریں۔ ہم یہ چاہیں گے کہ اساتذہ اور والدین صدق دل سے اس میں دیے گئے تصورات کے سلسلے کے حساب سے چلیں تاکہ جلد بازی میں اصولوں اور عملیات کو اختیار کر سکیں گے۔ اسی طرح کی مدد کی ضرورت والدین اور بڑے بھائی بہنوں سے بھی درکار ہے۔ 'استاد کے لیے نوٹ' اساتذہ اور والدین کے لیے طلبا کی آموزش کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

کچھ سرگرمیوں کا مطالبہ ہے کہ طلبا اپنے تصورات کا اشتراک کریں اور ان پر تبادلۂ خیال کریں۔ آموزش کی موثر نشو و نما کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ جماعت ہر آموز گار کے تصورات کی تحسین کرے۔ وقت کے ساتھ وہ خود کو اپنے مختلف طریقوں سے اپنے تصورات کی تفہیم اور متبادل حل نکالنے اور اسے آزادانہ طور پر حل کر کے بہتر نتیجے پر پہنچانے کے قابل بنائیں گے۔ یہ سرگرمیاں ان کو ایک دوسرے کے جوابات کو آزمانے اور ریاضی لسانیات، علامات اور عملیات کے ساتھ تسلسل قائم کرنے کے مواقع فراہم کریں گی۔ یہ اساتذہ کی تشخیص میں بھی مفید ثابت ہو گا۔ کتاب میں دی گئی مشقیں یہ بھی سمجھاتی ہیں کہ طلبا کی تشخیص کس طرح ہونی چاہیے۔ تشخیص مختلف طریقوں سے یعنی اشیا اور تصاویر کا استعمال کر کے، اپنے جوابات کی وضاحت کر کے اور اسے دوسروں کے ساتھ اشتراک کر کے ہونی چاہیے۔ یہ کتاب آسانی سے ڈھل جانے والی تشخیص، آموزش کی تشخیص اور آموزش کی شکل میں تشخیص کے مواقع اس وقت فراہم کرتی ہے جب طلبا مختلف سرگرمیوں میں مصروف ہوں۔ اساتذہ اپنے مشاہدے کو اس وقت نوٹ کر سکتے ہیں جب طلبا اپنے تصورات کا مظاہرہ کر رہے ہیں، ان کا اشتراک کر رہے ہیں، پوچھے گئے سوالات کے جواب دے رہے ہیں، اپنے جوابات کی وضاحت پیش کر رہے ہیں اور استدلال کر رہے ہیں۔ اس طرح کے سبھی ریکارڈ آموز گاروں کے پورٹ فولیو میں شامل کیے جاسکتے ہیں۔ کتاب میں موجود سبھی تصورات کو کاغذ قلم کی کچھ سرگرمیوں (سوالات، عبارتی

سوالات اور پروجیکٹ) سے مکمل کیا گیا ہے جو ایک بچہ جماعت میں یا گھر پر بھی انجام دے سکتا ہے۔ اس طرح کی مشقیں طلبا کو لکھنے اور اپنے تصورات کو کاغذ پر اُتارنے کی مشق کرواتی ہیں۔

مستقبل میں ہم اساتذہ اور آموز گاروں کے لیے ویڈیو، مشق کے لیے ورک شیٹ اور انٹرنیٹ پر موجود لنک کی شکل میں ذرائع فراہم کریں گے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ یہ کتاب سبھی کے لیے لطف اندوز ہو اور ہمیں بہتر تدریس پر مبنی آموزش کی طرف لے جائے۔

انوپ کمار راجپوت
پروفیسر
ڈپارٹمنٹ آف ایلیمنٹری ایجوکیشن
ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن
این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

نیشنل سلیبس اینڈ ٹیچنگ لرننگ میٹریل کمیٹی (NSTC)

1. مہیش چندر پنت، چانسلر، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل پلاننگ اینڈ ایڈمنسٹریشن **(چیئرپرسن)**
2. منجل بھارگو، پروفیسر، پرنسٹن یونیورسٹی، **(کوچیئرپرسن)**
3. سدھا مورتی، ممتاز مصنفہ اور ماہر تعلیم
4. بِبیک دیب رائے، چیئرپرسن، اکنامک ایڈوائزی کونسل-پرائم منسٹر (ای اے سی-پی ایم)
5. شیکھر مانڈے، سابق ڈی جی، سی ایس آئی آر، ممتاز پروفیسر ساوتری بائی پھولے، پونا یونیورسٹی، پونا
6. سجاتا رام دورائی، پروفیسر، یونیورسٹی آف برٹش کولمبیا، کناڈا
7. شنکر مہادیون، میوزک مائسٹرو، ممبئی
8. یو۔ول کمار، ڈائریکٹر، پرکاش پادوکون بیڈمنٹن اکادمی، بینگلورو
9. مشیل ڈنینو، وزیٹنگ پروفیسر، آئی آئی ٹی، گاندھی نگر
10. سنینا راجن، آئی اے ایس (ریٹائرڈ)، سابق ڈی جی، ایچ پی اے
11. چامو کرشنا شاستری، چیئرپرسن، بھارتیہ بھاشا سمیتی
12. سنجیو سانیال، ممبر، ای اے سی-پی ایم
13. ایم ڈی شری نواس، چیئرپرسن سینٹر فار پالیسی اسٹڈیز، چنئی
14. گجانن لونڈھے، ہیڈ، پروگرام آفس، این ایس ٹی سی
15. رابن چھیتری، ڈائریکٹر، ایس سی ای آر ٹی، سکم
16. پرتیوش کمار منڈل، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن سوشل سائنسز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
17. دنیش کمار، پروفیسر اینڈ ہیڈ، پروگرام مانیٹرنگ ڈویژن، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
18. کیرتی کپور، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن لینگویجز، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
19. رنجنا اروڑہ، پروفیسر اینڈ ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف کری کولم اسٹڈیز اینڈ ڈیولپمنٹ، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی **ممبر-سیکریٹری)**

ٹیم برائے درسی کتاب

رہنمائی

مہیش چندر پنت، چیئرپرسن، این سی ٹی سی اینڈ ممبر کوآرڈی نیشن کمیٹی، کری کولر ایریا گروپ (CAG): ابتدائی سطح

منجل بھارگو، کوچیئرپرسن، این سی ٹی سی، ممبر کوآرڈی نیشن کمیٹی، کری کولر ایریا گروپ (CAG): ابتدائی سطح

سنیتی سنوال، پروفیسر اینڈ ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایلیمنٹری ایجوکیشن، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
اور ممبر-کنوینر، کوآرڈی نیشن کمیٹی، کری کولر ایریا گروپ (CAG): ابتدائی سطح

چیئرپرسن سب گروپ (ریاضی)

راکھی بنرجی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، عظیم پریم جی یونیورسٹی

معاونین

اجے شرما، اسسٹنٹ پروفیسر، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
چھوی کٹاریا، ریاضی ایجوکیٹر، ٹیک مہندرا فاؤنڈیشن
دھرم پرکاش، پروفیسر (ریٹائرڈ)، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
گریما پانڈے، ٹیچر، ایم سی ڈی اسکول، دہلی
گنجن کھرانا، ریسرچ اسکالر، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی
ہنیت گاندھی، پروفیسر، دہلی یونیورسٹی، نئی دہلی
جسنیت کور، لیکچرار، ایس سی ای آر ٹی، ہریانہ
مکیش مالویہ، ٹیچر ایجوکیٹر، مدھیہ پردیش
مکند کمار جھا، کنسلٹنٹ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
نیشا نیگی، سینئر کنسلٹنٹ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی
پدم پریا شیرالی، پرنسپل، سہ پادری اسکول، پونا
پاروتی بھٹ، اسسٹنٹ ٹیچر، کرناٹک پبلک اسکول، اترا ہلّی، بینگلورو، کرناٹک
پشپا تانتری، ڈائریکٹر-پروگرام، اکچھرا فاؤنڈیشن
رتو گری، پرائمری ٹیچر، ڈی او ای، دہلی
رُچی کمار، اسسٹنٹ پروفیسر، ٹِس (TISS)، ممبئی
شِو کمار کے ایم، ڈائریکٹر، پیڈاگوجی اینڈ انوویشن (ریاضی)، سیڈ ٹو سیپلنگ ایجوکیشن فاؤنڈیشن، بینگلورو
شرون ایس کے، چیف کریکولم ڈیزائنر (ریاضی)، سیڈ ٹو سیپلنگ ایجوکیشن فاؤنڈیشن، بینگلورو
شویتا ایس نایک، سائنٹفک آفسر، ایچ بی سی ایس ای، ممبئی
سریکھا بھارگو، اسسٹنٹ ٹیچر (ریٹائرڈ)

مبصرین

منجل بھارگو، پروفیسر اینڈ کو-چیئرپرسن، این ایس ٹی سی اینڈ ممبر، کوآرڈینیشن کمیٹی، سی اے جی (CAG): ابتدائی سطح
انوراگ بہر، سی ای او، عظیم پریم جی فاؤنڈیشن، ممبر، این او سی

اردو ترجمہ

علینہ رئیس، ٹی جی ٹی ریاضی، سینٹ میری اسکول، سفدر جنگ انکلیو، دہلی،

ممبر-کوآرڈی نیٹر، سب گروپ (ریاضی)

انوپ کمار راجپوت، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف ایلیمنٹری ایجوکیشن اور ہیڈ، پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی، نئی دہلی

اظہارِ تشکر


نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (NCERT)، چیئرپرسن اور قومی درسیاتی خاکے کی اوور سائٹ کمیٹی کے ممبران، چیئرپرسن اور کری کولم ایریا گروپ (CAG) کے ممبران (ابتدائی مرحلہ کا ان کی سرپرستی اور مدد کے لیے شکریہ ادا کرتی ہے۔ کونسل ان سبھی CAGs کا بھرپور شکریہ کرتی ہے جنھوں کے موضوعات کی مناسبت سے ہدایات دیں اور کتاب کو آخری شکل دینے میں مدد فراہم کی۔

کونسل اندرانی بھادری، پروفیسر اور ہیڈ، شعبۂ تعلیمی سروے، این سی ای آر ٹی؛ مونا یادو، پروفیسر، ڈپارٹمنٹ آف جینڈر اسٹڈیز، این سی ای آر ٹی؛ ونے سنگھ، پروفیسر اور ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن آف گروپس وتھ اسپیشل نیڈس، این سی ای آر ٹی؛ ملی روائے، پروفیسر اور ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف جینڈر اسٹڈیز، این سی ای آر ٹی اور جیوتسنا تِواری، پروفیسر اور ہیڈ، ڈپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اِن آرٹس اینڈ ایستھیٹکس، این سی ای آر ٹی کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ انھوں نے کتاب میں موضوعات کی مناسبت کا جائزہ لیا جیسے صنف کو شامل کرنا، شمولیت، آرٹ ایجوکیشن وغیرہ۔

شُویتا شرما، ٹی جی ٹی، ایس ڈی ایس وی ایم، تلوارا، پنجاب؛ نذرانہ خان، سنیئر ریسرچ ایسوسی ایٹ اور غزالہ پروین، ریسرچ ایسوسی ایٹ، ڈی ای ای، این سی ای آر ٹی بھی دلی شکریہ کے خاص مستحق ہیں اور کونسل کتاب کی تیاری میں ان کی مدد کی شکر گزار ہے۔

اس کتاب کی ایڈیٹنگ اور اسے حتمی شکل دینے میں پبلی کیشن ڈویژن، این سی ای آر ٹی سے طیب احمد، اسسٹنٹ ایڈیٹر، محمد شارب ضیا، اسسٹنٹ ایڈیٹر، احتشام الحق، پروف ریڈر اور صدرالدین فلاحی، پروف ریڈر (سبھی کانٹریکچول) اور مسیح الدین، ڈی ٹی پی آپریٹر (کانٹریکچول)، امجد حسین، ڈی ٹی پی آپریٹر (کانٹریکچول) اور پون کمار بریار انچارج ڈی ٹی پی سیل نے پوری دل چسپی سے حصہ لیا۔ لہٰذا کونسل ان سبھی کی تہہ دل سے شکر گزار ہے۔

ہمارا قومی ترانہ



جن گن من ادھی نایک، جَے ہے
بھارت بھاگیہ وِدھاتا
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اُتکل بنگ
وندھیہ ہماچل یمنا گنگا
اُچھّل جَلَدھی ترنگ
تَو شُبھ نامے جاگے
تَو شُبھ آشش ماگے
گاہے تَو جے گاتھا
جن گن منگل دایک جے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جَے ہے، جَے ہے، جَے ہے
جَے جَے جَے، جَے ہے!

ہمارا قومی ترانہ رابندرناتھ ٹیگور نے اصلاً بنگالی زبان میں تحریر کیا تھا، اس
کا ہندی ترجمہ قانون ساز اسمبلی نے قومی ترانے کی حیثیت سے
24 جنوری 1950 کو اختیار کیا۔

ترتیب

پیش لفظ		*iii*
اس کتاب کے بارے میں		*v*
باب 1:	نام میں کیا رکھا ہے؟	1
باب 2:	کھلونے کی خوشی	9
باب 3:	دوہری سینچری	16
باب 4:	میری نانی ماں کے ساتھ چھٹّی	29
باب 5:	شکلوں کے ساتھ تفریح	44
باب 6:	سیکڑوں کا گھر-I	64
باب 7:	رکشابندھن	82





اگر آپ...
ذاتی تعلقات
تعلیم اور امتحان
ساتھیوں کے دباؤ
کریئر
سے متعلق کسی بھی طرح کے ذہنی دباؤ، پریشانی، فکرمندی،
مایوسی یا الجھن میں مبتلا ہیں تو کاؤنسلر کی مدد لیں
فون کریں
8448440632
نیشنل ٹول فری کاؤنسلنگ
ٹیلی ہیلپ لائن
صبح 8 تا رات 8 بجے تک
ہفتے کے سبھی دن
منودرپن
کووڈ-19 کے قہر اور اسکے بعد طلبا کی ذہنی صحت اور فلاح و بہبود کے لیے نفسیاتی معاونت
(آتم نربھر بھارت مہم کے ایک جز کے طور پر وزارت تعلیم، حکومت ہند کی ایک پہل)
www.https://manodarpan.education.gov.in



4333CH01

1 نام میں کیا رکھا ہے؟



بہت وقت پہلے کی بات ہے، تار کیشور میں چرواہوں کا ایک خاندان رہتا تھا۔ ہر روز دیبا اور دیپ گایوں کو چرانے کے لیے لے جایا کرتے تھے۔ گایوں کو چرانے کے بعد دونوں شام کو دیر سے واپس لوٹا کرتے تھے۔

ایک دن، دیبا نے پوچھا: ہم کو یہ کیسے پتا چلے گا کہ ہم نے کوئی بھی گائے نہیں کھوئی ہے؟ وہ دونوں گنتی کرنا نہیں جانتے تھے۔


دیبا اور دیپ کیا کریں گے؟

اُن کے دوست نے انھیں ایک ترکیب بتائی۔ جب تم باہر جاتے ہو تب دروازے سے باہر جانے والی ہر ایک گائے کے لیے دیوار پر ایک نشان بنا دو۔ پھر جب تم واپس آؤ تب اسی طرح دروازے سے اندر آنے جانے والی ہر ایک گائے سے ایک ایک نشان کو مٹاتے جاؤ۔

اگلے دن انھوں نے اپنے دوست کی بتائی ہوئی ترکیب اپنائی اور جب وہ گھر واپس آئے، سارے نشان مٹ گئے۔



کیا وہ ساری گائیوں کو واپس گھر لے آئے تھے؟



کچھ سالوں بعد، ان کے پاس گایوں کی تعداد کافی بڑھ گئی۔ ایک دن گھر سے نکلتے وقت ان کی دیوار پر بہت سے نشانات تھے۔

تو، ان کے پاس ..... گائیں تھیں۔

اگلے دن وہ گایوں کے ساتھ گھر واپس آ گئے، جیسے جیسے ہر گائے دروازے کے اندر جاتی، وہ نشان مٹا دیتے تھے۔ دو نشان اب بھی دیوار پر رہ گئے مگر ان کو گھر کے باہر ایک بھی گائے نظر نہیں آئی۔ وہ پریشان ہو گئے۔

دیبا اور دیپ کیوں پریشان ہو گئے تھے ؟

کتنی گائیں گھر پہنچ گئی تھیں؟ .....

دیپ اور دیبا فوراً گم شدہ گایوں کی تلاش میں نکلے اور قریب کے ہی میدان میں انھیں وہ مل گئیں۔ دونوں خوشی خوشی گھر واپس آ گئے!

ان کے دوست ہیمنت کے پاس 36 گائیں اور 23 بھیڑ ہیں۔

دیبا اور دیپ کی طرح نشانات کے ذریعے ہیمنت کی مدد کیجیے جس سے وہ اپنی گایوں اور بھیڑوں کا حساب رکھ سکے۔



استاد کے لیے نوٹ: استاد کو چاہیے کہ وہ بڑے اعداد کی اشیا کو شمار کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ اوپر دی ہوئی صورتِ حال کو وہ ایک سرگرمی کے طور پر استعمال کر سکتا ہے جس میں بچے اپنے سبھی ساتھیوں کے کمرۂ جماعت میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کا حساب رکھ سکتے ہیں۔

آیئے کرتے ہیں

1. کچھ چڑیاں اور جانور ایک کھیل کھیلنے کے لیے ساتھ آئے۔ وہ دو ٹیمیں بنانا چاہتے تھے۔ انھوں نے طے کیا کہ پہلی ٹیم کا کپتان وہ بنے گا جس کا نام سب سے لمبا ہے۔ مطلب جس کے نام میں سب سے زیادہ حروف آتے ہیں۔
دوسری ٹیم کا کپتان وہ ہو گا جس کا نام سب سے چھوٹا ہو گا، مطلب جس کے نام میں سب سے کم حروف آتے ہیں۔



دونوں ٹیموں کے کپتانوں کا پتہ لگائیے۔

پہلی ٹیم :


حروف کی گنتی :

دوسری ٹیم :

حروف کی گنتی :

کیا تم کسی بھی
ایسے جانور کو جانتے
ہو جس کا نام پہلی
ٹیم کے کپتان کے نام
سے لمبا ہو؟

2. کس کا نام سب سے لمبا ہے؟ بحث کیجیے۔



مہیش

کارتک

3. نیچے دی گئی خالی جگہ میں اپنے دوستوں کا نام لکھیے اور 'A' سے 'F' تک کے سوالوں کے جواب دیجیے۔

.....

.....

.....

.....

.....

.....

.....

a. سب سے لمبے ناموں کے آگے صحیح ✓ کا نشان اور چھوٹے ناموں کے آگے غلط کا ✗ نشان لگائیے۔

b. اپنے نام کا شروعاتی حرف لکھیے۔.....

c. ان سبھی ناموں کو شمار کیجیے جن کا شروعاتی حرف آپ کے نام کے شروعاتی حرف سے ملتا ہے۔ ☐

d. کون سا شروعاتی حرف سب سے زیادہ استعمال میں آیا ہے؟ ان سبھی ناموں کو شمار کیجیے۔ ☐

e. ان سبھی ناموں کو شمار کیجیے جو ایک جیسے حرف پر ختم ہو رہے ہیں۔ ☐

.....

f. ان سبھی حروف کو یہاں لکھیے جن سے کوئی بھی نام شروع نہیں ہو رہا ہے۔

.....



استاد کے لیے نوٹ: استاد بچوں سے لڑکوں اور لڑکیوں کے گروپ میں اور پوری جماعت کے بچوں میں سب سے لمبا اور چھوٹا نام ڈھونڈنے کے لیے سوال کر سکتا ہے۔ کمرۂ جماعت میں مختلف قسم کی حکمت عملی پر بحث کرنے کے لیے بچوں کی مدد کیجیے۔

4. تیجی اور جوجو نیچے دیئے گئے کارڈ کی مدد سے اعداد بنا رہے ہیں۔

ایک	دو	تین
چار	پانچ	چھ
سات	آٹھ	نو
دس	تیس	چالیس

دس	گیارہ	بارہ	تیرہ
چودہ	پندرہ	سولہ	
سترہ	اٹھارہ	انیس	
پچاس	ساٹھ	ستر	اسّی	نوّے



تیجی نے اپنا رول نمبر 43 اس طرح لکھا۔ اس میں 8 حروف ہیں۔

چالیس تین



جوجو نے اپنا رول نمبر 17 اس طرح لکھا اس میں ..... حروف ہیں۔

سترہ

a. اپنے رول نمبر کو بھی اوپر دیے ہوئے کارڈ کی مدد سے لکھیے۔ کتاب کے آخر میں اعداد کے کارڈ فراہم کیے گئے ہیں۔

- میرا رول نمبر ..... ہے۔
- اس میں ..... حروف ہیں۔

b. کچھ اعداد اور ان کے نام اپنی کاپی میں لکھیے۔ معلوم کیجیے کہ ہر عدد کے نام میں کتنے حروف ہیں۔

آیئے سوچتے ہیں



تیجی اور جوجو نے ایک عدد 56 (چھپّن) بنایا، اس میں 4 حروف ہیں۔ 1 سے 99 کے درمیان چار حروف والے اعداد تلاش کر کے لکھیے۔

چھ پچاس



بیالیس	42		



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو یہ مشاہدہ کرنے دیا جائے کہ جن اعداد کے نام میں ایک ہی تعداد کے حروف ہیں، ان میں کیا یکسانیت ہے۔

آیئے کرتے ہیں

1. 1 سے 99 کے درمیان سب سے لمبے نام والے عدد / اعداد کو لکھیے۔

معلوم کیجیے	معلوم کیجیے
میرے دوست کے نام کے اعداد 63 سے 78 کے درمیان ہیں۔ عدد کے اعتبار سے میرا نام، میرے تمام دوستوں میں سب سے چھوٹا ہے۔ بتاؤ! میں کون ہوں؟	میرا نام دو لفظ کا ہے۔ پہلے لفظ میں چھ حروف اور دوسرے میں پانچ حروف ہیں۔ میں 100 کے بہت قریب ہوں۔ بتاؤ! میں کون ہوں؟
----------	----------

2. اوپر دی ہوئی پہیلیوں کی طرح مزید پہیلیاں بنا کر اپنی کاپی میں لکھیے اور اپنے ہم جماعتوں سے پوچھیے



Venkatanarasimharajuvaripeta ہندوستان میں وہ جگہ ہے، جس کا نام سب سے لمبا ہے۔ یہ آندھرا پردیش میں تمل ناڈو کی سرحد پر واقع ہے۔





IB، اڈیشہ میں اور OD گجرات میں ایسی جگہیں ہیں جن کا نام سب سے چھوٹا ہے۔

تیجی اور جوجو کے پاس تصاویر کے کچھ کارڈ ہیں۔ تیجی نے ان تصویری کارڈس کو اس طرح سے دو گروپ میں تقسیم کیا ہے۔



اس نے ان کارڈس کو دو گروپوں "وہ جو کھانا کھاتے ہیں" اور "وہ جو کھانا نہیں کھاتے ہیں" میں رکھا۔ جو جو نے الگ طریقے سے کارڈوں کو گروپ میں تقسیم کیا ہے۔



جو جو کے بنائے ہوئے ہر گروپ میں کیا یکسانیت ہے ؟

.....

ذیل میں گھر کے کچھ سامان کی تصاویر دی ہوئی ہیں۔



ان سامانوں کے نام کی صحیح شناخت کر کے نیچے دیے ہوئے گروپوں میں تقسیم کیجیے۔

جن چیزوں کو بجلی کی ضرورت ہوتی ہے	جن چیزوں کو بجلی کی ضرورت نہیں ہوتی

اوپر دی گئی چیزوں کو کسی نئے گروپ میں تقسیم کر کے نیچے دی ہوئی خالی جگہ میں لکھیے۔

آیئے کرتے ہیں

بال کا انداز

مالا اسکول جا رہی ہے۔  اس کی ماں نے اس کے بالوں میں کنگھا کیا ہے۔ 

مالا نے دو چوٹیاں باندھی ہیں۔ 

اپنی جماعت کے بچوں کو دیکھیے۔



سبھی بچوں نے مختلف طریقوں سے اپنے بالوں کو کنگھا کیا ہے۔

دیکھیے اور نیچے لکھیے

بال کا انداز						
بچوں کی تعداد						



استاد کے لیے نوٹ: بچوں سے کہیے کہ وہ مزید چیزیں تجویز کریں اور انھیں مناسب طریقے سے گروپ میں رکھیں۔ بحث کیجیے کہ کیا زمرہ بندی کے دیگر ممکنہ طریقے ہیں۔ زمرہ بندی کے مختلف طریقوں کی حوصلہ افزائی کیجیے جن میں ہر چیز کا ایک یا دوسرے گروپ سے تعلق ہونا چاہیے۔



2 کھلونے کی خوشی

4333CH02

کچھ بچے پرانے ڈبّوں، بوتلوں اور کاغذ پر جانور اور چڑیوں کے چہرے بنا رہے ہیں۔





آیئے کرتے ہیں

پرانے باکس (مکعب اور مکعب نما) اور بوتلیں (اسطوانے) کا استعمال کر کے کچھ دست کاری کیجیے۔ اس پر مختلف چہرے بنائیے۔



آپ نے شکلوں کے رُخ پر کیا بنایا؟


جیا اپنے پاس موجود شکل کا استعمال کر کے ایک عمارت بنا رہی ہے۔

اس نے کون سی شکل کا استعمال کیا ہے؟

کون سی شکل کتنی دفعہ استعمال ہوئی ہے؟

مکعب: _____ مکعب نما: _____

مخروط: _____ اسطوانہ: _____



لال مکعب نما اور پیلے مکعب نما کے درمیان کون سی شکل ہے؟

نارنگی اسطوانہ کے اوپر کون سی شکل ہے؟

گلابی مخروط کے نیچے کون سی شکل ہے؟

کچھ چیزوں کو جمع کیجیے۔ ان شکلوں کے نام لکھیے اور ان کے رُخ اور کناروں پر بات کیجیے۔ کون سے سیدھے ہیں، کون سے مڑے ہوئے ہیں؟ اور ان شکلوں کو کس طرح سے لگایا گیا ہے؟ ان شکلوں کے کون سے حصّے کو آپ کچھ دوری سے دیکھ سکتے ہیں؟

دیویکا ایک دکان پر گئی اور ایک انجن لے کر آئی۔ یہ دیویکا کا انجن ہے۔



اس میں بہت سے حصّے ہیں۔ ان حصّوں کو شمار کیجیے اور ان کو خالی جگہ میں لکھیے۔


_____ لال اسطوانہ _____ پیلا مخروط

_____ سرمئی مکعب نما _____ نیلا مکعب

آیئے گفتگو کرتے ہیں

ذیل میں کھلونے کی دکان سے کچھ اور کھلونے بھی دیے گئے ہیں۔ یہ مختلف شکلوں سے مل کر بنے ہیں۔

ان کھلونوں میں کون سی شکلیں استعمال ہوئی ہیں؟




_____ _____ _____ _____

_____ _____ _____ _____

جیا نے مختلف شکلوں کا استعمال کر کے کچھ گھر بنائے ہیں۔

اپنے اطراف میں موجود شکلوں کا استعمال کر کے اسی طرح سے کچھ گھر، ٹاور، راکٹ وغیرہ بنایئے۔



نوٹ کیجیے کہ مکعب ایک خاص قسم کا مکعب نما ہے۔

آیئے کھیلتے ہیں

بنایئے اور بیان کیجیے



سبھی بچوں کو 4 یا 5 کے گروپ میں تقسیم کر دیجیے۔ ہر گروپ کسی بھی تین شکلوں کو جمع کرے گا۔ اس کے بعد بچہ اس سے جو کچھ بنائے گا، اس کی ترتیب کو بیان کرے گا اور باقی بچے اصل ڈھانچے کو دیکھے بغیر بیان کی گئی ترتیب کے مطابق خود بنانے کی کوشش کریں گے۔ اس کے بعد دوسرے بچے کو اسی طرح اس کو دہرانا ہے۔

مثال:

مکعب نما کے اوپر اسطوانہ رکھا ہے اور اسطوانہ کے اوپر مخروط رکھا ہے۔

آیئے کرتے ہیں


1. کیا آپ مندرجہ ذیل شکلوں کو اپنی جماعت میں تلاش کر سکتے ہیں؟ دی ہوئی جدول کو اس کے ناموں سے مکمل کیجیے۔

				
مخروط	مکعب نما	مکعب	کرّہ	اسطوانہ


a. سب سے زیادہ پائی جانے والی شکل کا نام لکھیے۔ _____

b. سب سے کم پائی جانے والی شکل کا نام لکھیے۔ _____

c. ان چیزوں کے نام لکھیے جن میں ایک سے زیادہ شکلوں کا استعمال ہوا ہے۔ _____



2. ذیل میں دی ہوئی شکلوں کو دیکھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔




- مکعب پر دائرہ ◯ بنائیے۔
- مخروط کے سامنے ✓ کا نشان لگائیے۔
- اسطوانہ کی شکل کے سامنے ✗ کا نشان لگائیے۔
- مکعب نما پر ڈبّہ □ بنائیے۔

3. شکلوں کے نام لکھیے۔

- جس کے کنارے نہیں ہوتے۔ _____
- جس کے صرف چپٹے رخ ہوتے ہیں۔ _____
- جس کے صرف گھماؤدار رخ ہوتے ہیں۔ _____
- جس شکل میں گھماؤدار اور سیدھے دونوں طرح کے کنارے ہوتے ہیں۔ _____
- جس میں چپٹے اور گھماؤدار دونوں طرح کے رخ ہوتے ہیں _____




استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو اپنے اطراف میں مختلف شکلوں کو تلاش کرنے دیجیے اور ان سے ان مختلف شکلوں کی مزید مثالیں دریافت کیجیے۔ مکعب، مکعب نما اور اسطوانہ میں ایک دوسرے کے برعکس رخوں کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچے شکلوں کو اپنے حساب سے الٹا سیدھا کرکے، ان کو بدل بدل کر، شکلوں کا مشاہدہ کرسکتے ہیں۔






4. آپ کون سی شکل بنا سکتے ہیں؟




5. مکعب کا استعمال کر کے ذیل میں دی گئی شکلیں بنائیے




آیئے کھیلتے ہیں

اس صفحے کے کنارے پر ایک کھیل ہے۔ پاسا پھینکنے اور حاصل ہوئے عدد کے مطابق ایک شکل دی گئی ہے۔ بتائے گئے عدد کے مطابق اس شکل تک اپنی باری میں چلنا ہے اور اس کھیل کو مکمل کرنا ہے۔ جو پہلے ختم کے نشان پر پہنچے گا وہ اس کھیل کو جیت جائے گا۔



6. ذیل میں دی گئی شکلوں میں کس طرح یکسانیت ہے؟ اور کن طریقوں سے یہ مختلف ہے؟




7. ایک پانسے کو دیکھیے۔ اس کے رُخ پر 1 سے 6 تک کے اعداد کے نقطے بنے ہوتے ہیں۔ بتائیے، کون سا عدد:




- عدد 1 کا برعکس رخ ہے۔ _____
- عدد 2 کا برعکس رخ ہے۔ _____
- عدد 3 کا برعکس رخ ہے۔ _____
- آپ نے کس طرح کے پیٹرن کو دیکھا۔ _____

8. ذیل میں دیا گیا ماڈل کس ترتیب سے بنایا گیا ہے؟






9. آپ تین مکعب کو کن مختلف طریقوں سے جوڑ سکتے ہیں؟ کوشش کیجیے اور دیکھیے۔



10. ذیل میں دیے گئے ماڈلوں میں کن شکلوں کا استعمال ہوا ہے؟ ان ماڈل میں شکلوں کی ترتیب کو سمجھائیے۔



(a) (b) (c) (d)

11. چھ پانسوں کا استعمال کر کے مندرجہ ذیل شکلیں بنائیے۔

(a) ایک مکعب نما (b) ایک ٹاور (c) اپنی پسند کی کوئی شکل



4333CH03

3 دوہری سینچری

ہمارے اعداد کی کہانی

ہزاروں سال قبل ہی لوگوں نے گنتی کی شروعات کی تھی۔ وہ اپنی ہر چیز کا حساب رکھنا چاہتے تھے۔ اس لیے انھوں نے غار کی دیوار پر اور پیڑوں کی چھال پر نشان بنائے۔

وقت کے ساتھ ساتھ انھوں نے حسابوں کو 5، 10، 20 اور 60 کے گروپ میں رکھنا شروع کر دیا۔

ہزاروں سال پہلے قدیم ہندوستانیوں نے عدد لکھنے کے لیے ایک طریقہ بنایا۔ بڑے سے بڑا عدد بھی محض دس علامتوں کی مدد سے : 0، 1، 2، 3، 4، 5، 6، 7، 8، 9 لکھ سکتے تھے۔ انسانی تاریخ کی یہ سب سے اہم تخلیقی ایجاد تھی۔ اس ایجاد کی وجہ سے ٹیلی ویژن، کمپیوٹر، موبائل اور ایسی ہی اور بڑی ایجادات بھی ممکن ہوئیں۔ اس طریقے کا استعمال اب پوری دنیا کے ہر کونے میں کیا جاتا ہے۔

اس ایجاد کا ایک بہت اہم حصّہ '0' ہے۔ اس علامت کا مطلب 'کچھ نہیں' کے طور پر سمجھنا۔ '0' ہی اصل میں وہ عدد ہے جس نے عدد لکھنے کے پورے نظام کو کامیاب اور مفید بنایا۔ آگے آنے والے کچھ مہینے میں ہم یہ سیکھیں گے کہ سبھی اعداد کو صرف ان دس اعداد کی مدد سے کس طرح لکھیں گے۔



آیئے کرتے ہیں

1. دی گئی تصویر کو دیکھیے اور نیچے دی ہوئی چیزوں کی تعداد خالی جگہ میں لکھیے

a. سنترے : .....

b. چوڑیاں : .....

c. لڈّو : .....


d. برفی : .....

e. بندیاں : .....

f. کیلے : .....

آیئے کھیلتے ہیں

نیچے دیے گئے بورڈ میں گم شدہ اعداد کو لکھیے



سانپ سیڑھی کے بورڈ کی مدد سے مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے

1. اگر آپ 13 سے سیڑھی لیں گے تو آپ کس عدد پر پہنچیں گے؟.....
2. اگر آپ عدد 25 والے سانپ پر ہیں تو آپ کون سے عدد پر پہنچیں گے؟.....
3. آپ اگر 96 پر کھڑے ہیں تو پاسے پر کس عدد سے آپ سانپ کے منھ میں پہنچ جائیں گے؟.....
4. سب سے لمبے سانپ کی پچھ پر جو عدد ہے اس کو کھلی لکڑی اور اس کے گچھے کی مدد سے ظاہر کیجیے۔.....

آیئے سوچتے ہیں





میں ایک بات کرنے والا مٹکا ہوں۔ تم مجھے کوئی بھی عدد بتاؤ اور میں تمھیں اس کے بعد والا عدد بتاؤں گا۔



میں نے 42 کہا۔ مٹکے نے 43 کہا

میں نے 39 کہا۔ مٹکے نے ..... کہا



میں نے 63 کہا۔ مٹکے نے ..... کہا


میں نے ..... کہا۔ مٹکے نے 90 کہا

میں نے ..... کہا۔ مٹکے نے ..... کہا


میں نے 99 کہا۔ مٹکے نے 100 کہا۔



100 کیا ہے؟



اور ایک اور مل کر 100 بناتے ہیں. 99 سے ایک زیادہ 100 ہوتا ہے۔



دس دس لکڑیوں کے 10 گچھے 100 لکڑیاں بناتے ہیں۔




دس دس بندیوں کے پیکٹ سے 100 بنے گا۔



واہ! اس نے سنچری بنائی ہے۔ اس کا مطلب 100 رن بنائے۔




استاد کے لیے نوٹ: ماچس کی تیلیوں کو گچھّوں میں اور الگ الگ تیلیوں کو استعمال کر کے اعداد کو ظاہر کرنے کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔




آیئے کرتے ہیں

ان موتیوں کی تعداد بھی 100 ہے۔

1. خالی جگہ بھریئے

100 بنانا	اعداد کے لیے جملہ
	70 اور 30 سے 100 بنتا ہے۔
	__ اور __ 100 بناتے ہیں۔
	__ اور __ 100 بناتے ہیں۔

بھولو نے پہلے 65 پر، پھر 35 پر چھلانگ لگائی جس کو ملا کر اس نے 100 بنایا۔



نیچے دیے گئے عددی خط پر مختلف چھلانگ کی مدد سے 100 بنایئے۔





2. ماچس کی تیلیوں کے گچھّوں اور 'گن لڑی' کا استعمال کر کے مختلف طریقوں سے 100 بنایئے

60 اور 40 کو ملا کر ..... بناتے ہیں۔	45 اور ..... کو ملا کر 100 بناتے ہیں۔
..... اور 25 کو ملا کر 100 بناتے ہیں۔	..... اور 5 کو ملا کر 100 بناتے ہیں۔
..... اور مل کر 100 بناتے ہیں۔	..... اور مل کر 100 بناتے ہیں۔

3. پھولوں کی پتّیوں میں دی گئی خالی جگہوں کو اس طرح سے بھریئے کہ وہ مل کر 100 بنائیں۔









آیئے معلوم کرتے ہیں

100 کتنے ہوتے ہیں؟




1. ماچس کی تیلیوں کا ایک پورا ڈبّہ کھولیے۔

- اندازہ لگایئے کہ اس ڈبّے میں ماچس کی کتنی تیلیاں ہیں:.....
- ماچس کی تیلیوں کو شمار کیجیے:.....
- ماچس کی تیلیوں کے کتنے ڈبّوں سے 100 تیلیوں کی گنتی مکمّل ہوگی؟



2. ایک مٹھّی بھر بیج لیجیے جیسے چنے، دال وغیرہ۔

- اندازہ لگایئے کہ آپ کی مٹھّی میں کل کتنے بیج ہیں:.....
- اپنی مٹھّی کے بیجوں کو شمار کیجیے:.....
- کتنی مٹھی بھر بیج مل کر 100 بیجوں کی گنتی پوری کریں گے:.....




آیئے ہم نیچے دی ہوئی جدول کا مشاہدہ کریں اور 100 کے آگے کے اعداد کو لکھنا اور پڑھنا سیکھیں۔ خالی جگہوں کو بھریئے:

101	100 اور 1 مل کر ایک سو ایک	
102	100 اور 2 مل کر ایک سو دو	
103	100 اور 3 مل کر ایک سو	
104	100 اور 4 مل کر ایک سو	
.....	100 اور 5 مل کر ایک سو پانچ	
106	100 اور 6 مل کر ایک سو	
.....	100 اور 7 مل کر ایک سو سات	
108	100 اور 8 مل کر ایک سو	
.....	100 اور 9 مل کر ایک سو نو	
110	100 اور 10 مل کر ایک سو دس	

کتاب کے کنارے دیے گئے عددی خط میں خالی جگہ کو بھریئے


آیئے کرتے ہیں

1. 100 سے آگے کے اعداد کو سیکھنا جاری رکھتے ہیں اور ماچس کی تیلیوں اور ان کے گچھوں کی مدد سے ان اعداد کو بناتے ہیں۔
نیچے دی گئی جدول کی خالی جگہ کو تیلیوں کے گچھوں کی گنتی سے اور الگ الگ تیلیوں کی گنتی سے بھر کر مکمل کیجیے۔

تعداد	ماچس کی تیلیوں کے گچھّے			تیلیاں اور گچھّے
	1s	10s	100	
123	3	2	1	
.....	.....	.....	.....	
.....	.....	.....	.....	
.....	.....	.....	.....	
.....	.....	.....	.....	
104	.....	.....	.....	
.....	.....	.....	.....	
120	.....	.....	.....	

اس جدول کو اپنی کاپی میں 150 کی گنتی تک بڑھایئے۔ کیا آپ کو ان اعداد میں کچھ یکسانیت نظر آرہی ہے؟

تیلیوں کے گچھّوں اور تیلیوں کا صحیح عدد سے جوڑ ملایئے



101

116

110

100

140



واہ! بولنے والا مٹکا واپس آ گیا۔ آپ جو بھی کہیں گے یہ اس سے ایک زیادہ بتائے گا۔

بھولو نے کہا	مٹکے نے کہا	بھولو نے کہا	مٹکے نے کہا
127	128	105	.....
109	.....	.....	150
134	.....	100	.....

عددی خط پر دی گئی خالی جگہوں کو بھریئے۔



مندرجہ ذیل اعداد کو عددی خط پر ظاہر کیجیے۔

1. 125 پر ایک تیر بنایئے۔
2. 112 پر ایک پیڑ بنائے۔
3. 149 پر ایک مسکراتا چہرہ بنایئے۔
4. 137 پر ایک غلط کا نشان بنایئے۔



آیئے کھیلتے ہیں

تالی بجاؤ، چٹکی بجاؤ ہاتھ مارو



ایک تالی مطلب 100، ایک چٹکی مطلب 10، ایک گھٹنے پر مار مطلب 1
دو تالی مطلب 200، دو چٹکی مطلب 20، دو گھٹنے پر مار مطلب 2

دو ٹیم میں اس کھیل کو کھیلیے۔ ایک ٹیم تالی چٹکی اور گھٹنے کی تالی کی مدد سے عدد کو بتائے گی اور ظاہر کرے گی۔ اور دوسری ٹیم کو یہ معلوم کرنا ہوگا کہ وہ کون سے عدد کی نقل کر رہے ہیں۔

مثال: تالی بجائیں۔ اچانک اچانک پَٹ پَٹ پَٹ مطلب 123 (ایک سو تئیس)

آیئے اب ہم 150 سے آگے کی گنتی کرتے ہیں۔


تصویری شکل	ماچس کی تیلیوں کے گچھّے			عددی جملہ	عدد کا نام
	100	10s	1s		
	1	5	0	150	ایک سو پچاس
	1	5	1	100 اور 51	ایک سو اور اکیاون
	.....	.....	.....	100 اور 52	ایک سو اور باون
	1	.....	3	100 اور	ایک سو اور ترپن
	1	5	.....	100 اور	ایک سو اور چوّن
	1	5	.....	100 اور 55	ایک سو اور پچپن
	1	.....	6	..... اور 56	ایک سو اور چھپّن
	.....	5	7	..... اور	ایک سو اور ستّاون
	.....	.....	.....	..... اور	ایک سو اور اٹھاون
	.....	.....	.....	..... اور	ایک سو اور اُنسٹھ

اس جدول کو اپنی کاپی میں 200 تک مکمّل کیجیے۔ 200 کتنا ہوتا ہے؟

189 199

آیئے کرتے ہیں

182



ایک چھوٹے برتن جیسے ایک چھوٹی پیالی کو بیجوں سے بھریے مثلاً چنے مونگ دال وغیرہ۔

اس برتن کو دھیان سے دیکھیے اور اندازہ لگایئے کہ اس میں کل کتنے بیج ہو سکتے ہیں۔ آپ کا اندازہ:.....بیج۔



اب بیجوں کی گنتی کیجیے اور دیکھیے آپ کا اندازہ اصل گنتی کے کتنے قریب ہے۔ بیجوں کی گنتی :.....

177


اندازہ لگایئے! کتنے بار اس برتن کو بھرنے پر آپ 200 مکمّل کر پائیں گے۔ آپ کا اندازہ:.....بار


میں عددی خط پر بھی 200 کو ظاہر کرسکتا ہوں۔

150 + 50 = 200

140 + 60 = 200







167



پتھروں پر ترتیب سے اعداد لکھیے۔

163 158 150

آیئے کرتے ہیں

کودنے کا کھیل



1. عددی خط پر 5،5 قدم کی چھلانگ بنایئے اور خالی دی ہوئی جگہوں میں اعداد لکھیے۔



2. 20 قدم کی چھلانگ کو آگے بڑھایئے اور خالی جگہوں کو صحیح اعداد سے پُر کیجیے۔



3. جدول مکمّل کیجیے

1 کم	اعداد	1 زیادہ
	160	
	129	
	187	
	134	
	158	

4. کم سے کم دو مختلف طریقوں سے مندرجہ ذیل اعداد کو ظاہر کیجیے۔

a. ماچس کے تیلیوں کے گچھّوں سے 125 بنائیے۔

b. 'گن لڑی' کا استعمال کر کے 145 بنائیے۔

c. عددی خط پر 170 بنائیے۔

5. خالی باکس کو صحیح طریقے سے پُر کیجیے

اعداد	تصویری شکل	ماچس کی تیلیوں کے گچھّے			عددی جملہ
		100	10s	1s	
114					100 میں 14 زیادہ
					100 میں 32 زیادہ
					
172					
108					
					150 میں 30 زیادہ
		1	6	0	

6. مندرجہ ذیل اعداد کو عددی خط پر دکھایئے

a. 109, 112, 124, 134, 146



b. 155, 163, 178, 189, 198



c. 125, 142, 153, 174, 199





4333CH04

4 میری نانی ماں کے ساتھ چھٹّی



چراغ اور نندنی اپنی نانی ماں سے بہت پیار کرتے ہیں۔ وہ ان کی سب سے اچھی دوست ہیں۔ وہ ان کے ساتھ کھیلنا اور سیکھنا بہت پسند کرتے ہیں۔



نانی سے کہانیاں سننا ان دونوں کی سب سے پسندیدہ سرگرمی ہے۔

نانی ماں نے انھیں ایک 'جادوئی ترکیب' دکھائی۔

تم کچھ پتّھر اپنے رومال میں چھپاؤ اور میں بتاؤں گی کہ تم نے کتنے پتھر چھپائے ہوں گے۔







کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ ترکیب کیا ہے؟



آیئے کرتے ہیں

اس ترکیب کو اپنے دوستوں کے ساتھ انجام دیجیے۔ چھپائے ہوئے پتھروں کی تعداد نیچے دی گئی جدول میں لکھیے۔

کل بیج	میز پر رکھے ہوئے بیج	چھپے ہوئے بیج
15	12	
17	10	
19	8	

کل بیج	میز پر رکھے ہوئے بیج	چھپے ہوئے بیج
20	9	
23	7	
27	12	



استاد کے لیے نوٹ : 1 سے 9 کے درمیان کوئی ایک عدد بولیے۔ بچے کو فوراً ہی اپنا عدد بتانا ہے جو مل کر 9 بنائے گا۔ اس سرگرمی کو دوسرے اعداد کے ساتھ دوہرایئے۔ جیسے 10 سے 20 وغیرہ۔




دونوں بچے اپنی نانی ماں کے لیے بہت سی چیزیں لائے تھے۔




نندنی نے اپنی نانی ماں کی پسندیدہ مٹھائی 'بالوشاہی' نکالی۔






نندنی کے ڈبّے میں  7 بالوشاہیاں ہیں

اور

چراغ کے ڈبّے میں  5 بالوشاہیاں ہیں۔

بالوشاہی گنیے اور اُن کی تعداد لکھیے



7 بالوشاہی اور 5 بالوشاہی = ...بالوشاہی۔






چراغ نے کتنی بالوشاہیاں کھائیں؟.....بالوشاہی

7 بالوشاہیاں – 5 بالوشاہیاں = ...بالوشاہیاں

چراغ نانی ماں کے لیے کہانی کی 9 کتابیں لایا اور نندنی پہیلیوں کی 7 کتابیں لائی۔ نانی ماں کے لیے وہ دونوں کل کتنی کتابیں لائے؟





..... کتابیں + ... کتابیں = ... کتابیں

آیئے کرتے ہیں


دہائی فریم کا استعمال کرکے مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجیے:

)i(6 + 8 = ...

)ii(5 + 10 = ...

)iii(9 – 9 = ...


)iv(18 – 9 = ...



آیئے کھیلتے ہیں

کارڈ کا کھیل

1 سے 10 تک کے اعداد کا استعمال کرکے چار سیٹ بنایئے۔ سبھی کارڈوں کو ملا کر الٹا کر کے پھیلا دیجیے۔ اپنے دوست کے ساتھ باری باری سے ایک ایک کارڈ کھولیے۔ جب اپنا کارڈ اٹھایئے تب اسے دیکھیے اور ان کارڈوں کو بھی جو پہلے سے کھلے ہوئے ہیں۔ اگر کوئی بھی تین کارڈ کسی جوڑ یا گھٹانے کے عمل کو ظاہر کرتے ہیں تو وہ تینوں کارڈ رکھ لیجیے۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو اسے ایسے ہی کھول کر رکھ دیجیے۔ مثال کے طور پر نندنی نے جو کارڈ کھولا اس پر 4 تھا۔ 2 اور 6 عدد کارڈ پہلے سے ہی کھلا ہوا ہے۔ تو نندنی تینوں کارڈ رکھ سکتی ہے۔ یہ کھیل تب تک چلے گا جب تک سارے کارڈ نہیں کھل جاتے جو بھی سب سے زیادہ کارڈ جمع کر پائے گا، وہ یہ کھیل جیت جائے گا۔



نندنی اور چراغ اپنے ڈاک ٹکٹ کا مجموعہ اپنے ساتھ لائے ہیں تا کہ وہ اپنی نانی اور دوستوں کو دکھا سکیں۔




دیکھیے نانی ماں! ہم نے 15 ڈاک ٹکٹ جمع کیے ہیں۔



میں تمھیں مزید ڈاک ٹکٹ دیتی ہوں۔ میرے پاس 7 اور ہیں۔

اب ان کے پاس کل کتنے ڈاک ٹکٹ ہیں؟

نندنی، چراغ اور نانی ماں نے ’گن لڑی‘ کا استعمال کر کے تین مختلف طریقوں سے جواب حاصل کیا۔



22 ڈاک ٹکٹ = 7 ڈاک ٹکٹ + 15 ڈاک ٹکٹ

یا 22 = 7 + 15

آیئے کرتے ہیں

نندنی اور چراغ کے پاس 22 ڈاک ٹکٹ ہیں۔ نانی ماں کے بھائی نے اپنے 30 ڈاک ٹکٹ بھی ان کو دے دیے تو اب ان کے پاس کل کتنے ڈاک ٹکٹ ہیں؟

( ) ڈاک ٹکٹ = ( ) ڈاک ٹکٹ + 22 ڈاک ٹکٹ


یا ( ) = ( ) + 22

اب ان کے پاس کل 52 ڈاک ٹکٹ ہیں۔ نندنی اور چراغ نے گنتی کی اور انھیں معلوم ہوا کہ اس میں 37 ڈاک ٹکٹ پر مشہور ہستیوں کی تصویریں بنی ہوئی ہیں اور باقی پر عمارتوں کی تصاویر ہیں۔



میں اس طرح سے کر سکتی ہوں۔

ان کے پاس عمارتوں کی تصاویر والے کتنے ڈاک ٹکٹ ہیں؟



ان دونوں کے پاس 15 ڈاک ٹکٹ ہیں جن پر عمارتوں کی تصاویر ہیں۔ کیا آپ اسے دوسرے طریقوں سے کر سکتے ہیں؟

52 ڈاک ٹکٹ − 37 ڈاک ٹکٹ = ( ) ڈاک ٹکٹ

( ) = ( ) − ( )

یا

37 ڈاک ٹکٹ + ( ) ڈاک ٹکٹ = 52 ڈاک ٹکٹ

( ) = ( ) + ( )



ہم جب اگلی بار آئیں گے تب ہمارے پاس 75 ڈاک ٹکٹ ہو جائیں گے۔

نانی ماں! اب ہمارے پاس 52 ڈاک ٹکٹ ہو گئے ہیں۔

ان کو کتنے مزید ڈاک ٹکٹ کی ضرورت ہے؟ عددی خط کی مدد سے جواب دیجیے۔

( ) ڈاک ٹکٹ + ( ) ڈاک ٹکٹ = ( ) ڈاک ٹکٹ

( ) = ( ) + ( )

یا

استاد کے لیے نوٹ: مسائل کے حل کے لیے عددی خط پر چھلانگ لگانے کی مختلف حکمت عملیوں کی پورے باب میں حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے۔ کمرۂ جماعت میں چھوٹے اعداد کے لیے گنتی چھوڑ چھوڑ کر کرنے کے عمل کو دوہرایئے۔



آیئے کرتے ہیں

1. گن لڑی کا استعمال کر کے حل کیجیے

a. 34 + 6 b. 23 + 12 c. 33 – 5 d. 42 – 15

2. ایک مینڈک گن لڑی پر کود رہا ہے۔ وہ 7 پر ہے اور 10 موتی کودنا چاہتا ہے۔ مینڈک کی چھلانگ کو دکھایئے اور اس کی چھلانگ کے حساب سے اعداد بھی لکھیے۔

7

3. مینڈک دوبارہ آگے چھلانگ لگا رہا ہے اور ہر بار وہ 10 موتی کی چھلانگ لگا رہا ہے۔ ان سبھی جگہوں پر نشان لگایئے جس پر مینڈک چھلانگ لگائے گا۔

23


4. ٹڈا ہر بار 10 پیچھے چھلانگ لگاتا ہے۔ ان سبھی موتیوں پر نشان لگایئے جس پر ٹڈا چھلانگ لگائے گا اور ان سبھی موتیوں پر ان کی گنتی لکھیے۔

76

کچھ چیونٹیاں بڑی پتّیاں اپنے گھر لے کر جا رہی ہیں۔ وہ ان پتّیوں کو سردی کے موسم میں کھائیں گی۔ نانی ماں چیونٹیوں کو دیکھے بغیر یہ بتا سکتی ہیں کہ پتّیوں کے نیچے کتنی چیونٹیاں ہیں۔ کیا آپ دیکھے بغیر بتا سکتے ہیں کہ پتّیوں کے نیچے کتنی چیونٹیاں ہیں؟

دیے گئے باکس میں اپنے جواب لکھیے۔

نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق کود کر خالی جگہوں کو پُر کیجیے





آیئے کھیلتے ہیں

عددی خانہ کے ساتھ ہوشیاری سے جمع کرنا اور اکٹھا کرنا

100	99	98	97	96	95	94	93	92	91
90	89	88	87	86	85	84	83	82	81
80	79	78	77	76	75	74	73	72	71
70	69	68	67	66	65	64	63	62	61
60	59	58	57	56	55	54	53	52	51
50	49	48	47	46	45	44	43	42	41
40	39	38	37	36	35	34	33	32	31
30	29	28	27	26	25	24	23	22	21
20	19	18	17	16	15	14	13	12	11
10	9	8	7	6	5	4	3	2	1

آیئے خانہ کا ایک کھیل کھیلتے ہیں۔ ہر کھلاڑی دو ہندسوں کا عدد بنانے کے لیے دو پانسے پھینکے گا اور جو عدد بنے گا اس کے حساب سے کھلاڑی کو چلنا ہے۔ وہ یہ خود طے کر سکتے ہیں کہ انھیں آگے چلنا ہے یا پیچھے۔ جو کھلاڑی سب سے پہلے 91 سے 100 کے درمیان پہنچے گا، وہ کھیل جیت جائے گا۔



استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ خاکہ پر کھیل کھیل کر دو اعداد جمع کریں۔ اگر آپ آگے نہیں بڑھ سکتے تو پیچھے چلیے اور اگر دونوں میں سے کچھ بھی نہیں تو دوبارہ پانسہ پھینکیے۔




نندنی 23 پر ہے۔ پانسے میں اسے 11 آیا۔ اس نے 34 پر پہنچنے کے لیے دو طریقے سوچے ہیں۔



چراغ 19 پر ہے۔ اس کے پانسے پر 54 آیا۔

23 سے 34 کودنے پر..... قدم ہوں گے۔



اس کی مدد کیجیے کہ وہ اپنے کاؤنٹر کو صحیح عدد کی طرف حرکت دے سکے۔

1. عددی خاکہ کا استعمال کر کے مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ اپنی سوچ کو تیر کے نشان کی مدد سے ظاہر کیجیے

100	99	98	97	96	95	94	93	92	91
90	89	88	87	86	85	84	83	82	81
80	79	78	77	76	75	74	73	72	71
70	69	68	67	66	65	64	63	62	61
60	59	58	57	56	55	54	53	52	51
50	49	48	47	46	45	44	43	42	41
40	39	38	37	36	35	34	33	32	31
30	29	28	27	26	25	24	23	22	21
20	19	18	17	16	15	14	13	12	11
10	9	8	7	6	5	4	3	2	1

. نندنی 45 پر ہے۔ اسے عدد 34 آیا۔ وہ..... پر پہنچے گی۔

. چراغ 75 پر ہے۔ اسے عدد 56 آیا۔ وہ..... پر پہنچے گا۔

. نندنی 30 پر ہے۔ اسے 66 آیا۔ وہ..... پر پہنچے گی۔

. چراغ 89 پر ہے۔ اسے 63 آیا۔ وہ..... پر پہنچے گا۔



استاد کے لیے نوٹ: بچّوں کو جمع کے لیے مختلف الفاظ (کل، جوڑ کر، زیادہ وغیرہ) اور گھٹاؤ (فرق، کم کرنا، گھٹانا وغیرہ) سے متعارف کروائیے۔ بچّوں کو مواقع فراہم کیجیے کہ وہ دوسرے اعداد کے ساتھ بھی مختلف چھلانگ کا استعمال کر کے اعداد کے پیٹرن کو سمجھیں۔

جادوئی جمع

نندنی اور چراغ کو کچھ پہیلیاں ملیں جو نانی ماں نے حل کی تھیں۔ ان اعداد کا مشاہدہ کیجیے۔ آپ نے کیا دیکھا؟

نیچے دیے گئے ڈبّوں کو بھریے۔ ہر پہیلی میں 1 سے 9 تک کے اعداد دیے گئے ہیں۔ ہر قطار میں دیے گئے اعداد جڑ کر سیدھی طرف دیے ہوئے باکس کے اعداد کے برابر ہیں اور ہر کالم کے اعداد جڑ کر نیچے لکھے ہوئے اعداد بناتے ہیں۔

15	8	2	5
10	6	1	3
20	7	4	9
	21	7	17

10	6		
19			
16	9		
	23	12	10

12		3	
15		5	
18	4	7	
	23	15	7

16	8	5	
22			
7	4		1
	18	16	11

ہر پہیلی میں نیلے ڈبّوں میں دیے گئے اعداد کو جمع کیجیے اور لال ڈبّوں میں دیے گئے اعداد کو جمع کیجیے۔



نانی ماں اخبار میں کچھ کر رہی ہیں۔ نندنی اور چراغ دیکھنے لگے کہ نانی اخبار میں کیا کر رہی ہیں۔



نانی ماں! اس مربع میں ایسا کیا جادو ہے؟

2	7	6
9	5	1
4	3	8

جادو جادو جادو!!!
1 سے 9 اعداد کے ساتھ
جوڑو اعداد ایک قطار میں
بائیں سے دائیں کی طرف
اور اوپر سے نیچے کی طرف
کیا تمھیں کوئی جادو ملا؟
